ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر جمعرات 22 اکتوبر 2026ء 11 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے
شمارہ نمبر 48 07
فون: 0333-5196088 Email:sheharnama@gmail.com Web:www.sheharnama.com

http://www
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ'' ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

دفاعی معاہدہ

پاکستان، ترکیہ، قطر اور انڈونیشیا نے دستخط کر دیے

بدر مفاہمتی یادداشت'' کا مقصد فوجی پیداوار، دفاعی صلاحیتوں میں اضافے اور فوجی تربیت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے، ترک وزارت دفاع

شراکت داری محض تیار فوجی ساز وسامان کی خریداری تک محدود نہیں، چاروں ممالک اپنی اپنی دفاعی صنعتوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مشترکہ منصوبوں پر کام کرینگے

دوحہ ''بدر مفاہمتی یادداشت'' پر دستخط کے بعد پاکستان، ترکیہ، قطر، انڈونیشیا کے وزرائے دفاع کا گروپ فوٹو

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ، قطر، پاکستان اور انڈونیشیا نے دفاعی تعاون بڑھانے اور اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کے لیے ایک معاہدے پر دستخط کر دیئے عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اس تاریخی معاہدے ''بدر مفاہمتی یادداشت'' پر دستخط کی تقریب قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقد ہوئی۔اس مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف، ترکیہ کے وزیر قومی دفاع یاشار گولر، قطر کے نائب وزیر اعظم اور وزیر مملکت برائے دفاعی امور شیخ سعود بن عبدالرحمن بن حسن الثانی اور انڈونیشیا کے نائب وزیر دفاع یوسف جوہری نے دستخط کیے۔ترک وزارت دفاع کی جانب سے جاری بیان میں چاروں ممالک کے درمیان دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ترک وزارت دفاع نے اپنے بیان میں بتایا کہ ''بدر مفاہمتی یادداشت'' کا مقصد فوجی پیداوار، دفاعی صلاحیتوں میں اضافے اور فوجی تربیت کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا ہے۔بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ اس کے علاوہ دفاعی ٹیکنالوجی، تحقیق اور ترقی کے شعبوں میں بھی مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے۔بیان کے مطابق چاروں ممالک اپنی اپنی دفاعی صنعتوں کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مشترکہ منصوبوں پر کام کریں گے۔ترک وزارت دفاع کے بقول اس تعاون سے دفاعی پیداوار میں بہتری آئے گی اور دوست ممالک کی ضروریات پوری کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ترکیہ کی دفاعی صنعت کے سربراہ الوک گورگن نے معاہدے کو تزویراتی تعاون کی بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

پاکستان مالدیپ تجارت 20 کروڑ ڈالر تک لانے پر اتفاق

اگلے 12 ماہ کے دوران پاکستان ایک لاکھ زیتون کے پودے اور مختلف پودوں کے ایک لاکھ بیج فراہم کرے گا، وزیر اعظم

مالدیپ کے صدر کی ملاقاتیں، پاکستانی قیادت نے سندھ طاس معاہدے اور علاقائی سلامتی کی صورتحال سے موقف پیش کیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان اور مالدیپ کے درمیان 20 ایم او یو سائن ہوگئے، تجارت 34.1 لاکھ ڈالر سے 20 کروڑ ڈالر تک لانے پر اتفاق ہوا، وزیر اعظم نے مالدیپ کو ایک لاکھ زیتون کے پودے اور ایک لاکھ بیج فراہم کرنے کا اعلان کیا۔(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

وزیر اعظم، وزراء اور ارکان اسمبلی انتخابی مہم میں حصہ نہیں لے سکیں گے، لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت الیکشن میں کاغذات نامزدگی 2 سے 6 نومبر تک وصول کیے جائینگے

اسلام آباد میں 20 دسمبر کو بلدیاتی انتخابات، الیکشن کمیشن نے شیڈول جاری کر دیا

کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 سے 13 نومبر تک ہوگی، امیدوار کاغذات پر اعتراض کیخلاف اپیلیں 14 سے 18 نومبر تک دائر کر سکیں گے اور 25 نومبر تک کاغذات واپس لے سکیں گے

بلدیاتی انتخابات 5 سال لیٹ ہوئے، قانون میں بار بار تبدیلیاں کی گئیں، لگتا ہے حکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات نہیں کرانا چاہتی، چیف الیکشن کمشنر سلطان سکندر راجہ کے ریمارکس

اسلام آباد (راجہ جاوید/ مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم دیتے ہوئے الیکشن شیڈول بھی جاری کر دیا ہے۔اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ 20 دسمبر کو ہوگی۔چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں تاخیر سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے کہ ایسا لگتا ہے کہ حکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات نہیں کرانا چاہتی جبکہ آئین میں واضح ہے کہ بلدیاتی انتخابات متعلقہ قانون کے مطابق ہونے چاہئیں۔ وفاقی دارالحکومت میں آخری بلدیاتی انتخابات 2015 میں ہوئے تھے جن کے نتیجے میں تشکیل پانے والی منتخب بلدیاتی حکومت کی مدت 14 فروری 2021 کو ختم ہوگئی تھی۔قانون کے تحت حکومت کی مدت ختم ہونے کے بعد 120 دن کے اندر نئے انتخابات کرائے جانے تھے لیکن قانون میں بار بار تبدیلیوں اور انتظامی مسائل کے باعث انتخابی عمل 5 سال سے تعطل کا شکار ہے۔

الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ 20 دسمبر کو ہوگی جس کے کاغذات نامزدگی 2 سے 6 نومبر تک وصول کیے جائیں گے جبکہ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 سے 13 نومبر تک ہوگی۔ امیدوار کاغذات پر اعتراض کیخلاف اپیلیں 14 سے 18 نومبر تک دائر کر سکیں گے اور 25 نومبر تک کاغذات واپس لے سکیں گے۔اس کے بعد الیکشن کمیشن امیدواروں کی حتمی فہرست جاری کرے گا اور 26 نومبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری مالدیپ کے ہم منصب سے ملاقات کر رہے ہیں

پٹرول 2 روپے 71 پیسے، لیٹر سٹاڈیزل قیمت میں معمولی اضافہ

پیٹرول کی نئی قیمت 379 روپے 31 پیسے فی لیٹر، ڈیزل کی نئی قیمت 390 روپے 11 پیسے فی لیٹر مقرر

عالمی حالات، پلاٹس ریٹس اور دیگر اخراجات کے باعث پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کیا گیا، وزارت پٹرولیم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں کمی جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں معمولی اضافہ کر دیا۔پیٹرولیم ڈویژن سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگر) نے حکومت کے طریقہ کار کی بنیاد پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کر دیا ہے۔حکومت نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 2 روپے 71 پیسے کی کر دی ہے اور پیٹرول کی نئی قیمت 379 روپے 31 پیسے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

لبنان میں اقوام متحدہ کی امن فوج کا سرگرمیاں جاری رکھنے کا اعلان

بیروت (آئی این پی) لبنان میں تعینات اقوام متحدہ کی عبوری امن فوج نے کہا ہے کہ سکیورٹی کونسل کی جانب سے مشن کی مدت ختم ہونے کے بعد کے انتظامات پر غور کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

ٹرمپ انتظامیہ نے 3 لاکھ سے زائد ویزے منسوخ کر دیے

امیگریشن کیخلاف کریک ڈاؤن کا مقصد داخلی سلامتی کو بہتر بنانا ہے، امریکی محکمہ خارجہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نے جنوری 2025 سے اب تک 3 لاکھ سے زائد امریکی ویزے منسوخ کر دیے۔امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق گزشتہ چند ہفتوں کے دوران ویزے منسوخ کرنے کی کارروائیوں میں نمایاں تیزی آئی ہے، امیگریشن کے خلاف کریک ڈاؤن کا مقصد امریکا میں داخلی سلامتی کو بہتر بنانا ہے۔محکمہ خارجہ نے واضح کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے غیر ملکی شہریوں کے خلاف زیرو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

میرانشاہ روڈ پر فائرنگ، ایڈیشنل ایس ایچ او شہید

حملہ آور فرار، ملزمان کی تلاش کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، پولیس حکام

ڈیرہ اسماعیل خان (صباح نیوز) شمالی وزیرستان میں میرانشاہ بائی پاس روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایڈیشنل ایس ایچ او شہید ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں تھانہ میرانشاہ کے ایڈیشنل ایس ایچ او میر آخان درویش خیل کو نشانہ بنایا گیا، جو موقع پر ہی شہید ہو گئے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، ملزمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اور مشیر بخاری محمد علی این ایچ اے منصوبوں بارے اجلاس میں شریک ہیں

پختونخوا دور میں معدنیات کے شعبے میں بدترین کرپشن بے نقاب

چیک پوسٹوں، انسپکٹرز اور محکمہ معدنیات کی موجودگی کے باوجود غیر قانونی مائننگ پورے صوبے میں جاری رہی

نادہندہ ٹھیکے داروں سے 4 ارب 31 کروڑ روپے کے واجبات جان بوجھ کر وصول نہیں کیے گئے، رپورٹ

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دور اقتدار میں معدنیات کے شعبے میں تاریخ کی بدترین کرپشن اور لوٹ مار بے نقاب ہوگئی۔سرکاری آڈٹ رپورٹ میں قرار دیا گیا ہے کہ یہ محض بدانتظامی نہیں بلکہ منظم کرپشن ہے، جس سے خیبر پختونخوا کے خزانے کو صرف ایک سال میں 16 ارب 94 کروڑ روپے سے زائد کا نقصان پہنچایا گیا۔آڈٹ رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی حکومت کی سرپرستی اور مجرمانہ گٹھ جوڑ سے صرف سال 2022 اور 2023 کے دوران غیر قانونی کان کنی کے ذریعے 8 ارب روپے سے زائد کی لوٹ مار کی گئی۔نادہندہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری سے مالدیپ کی خاتون اول ساجدہ محمد ملاقات کر رہی ہیں

افزودہ یورینیم کا ذرہ بھی ملک سے باہر نہیں جائیگا، محسن رضائی

امریکا کے ساتھ اعتماد کی بحالی تک مذاکرات نہیں ہوں گے، سیکرٹری سکیورٹی کونسل

تہران (آئی این پی) ایرانی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے کہا ہے کہ افزودہ یورینیم کا ایک ذرہ بھی ملک سے باہر نہیں جائے گا۔ ایرانی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکریٹری محسن رضائی نے سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں کہا کہ جب تک امریکا اعتماد کی بحالی کے لیے عملی اقدامات نہیں کرتا، کوئی مذاکرات نہیں ہوں گے، اعتماد سازی کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

امریکی ٹیک کمپنیاں میں سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھائیں، رضوان سعید

واشنگٹن (آئی این پی) سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے امریکی ٹیک کمپنیوں کو پاکستان میں اشتراک عمل کے وسیع اور منافع بخش مواقع سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دی ہے۔ سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

امریکا کیساتھ پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات جاری

تہران (آئی این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات جاری ہیں۔ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

معیشت کے مکمل تباہ ہونے کا کوئی امکان نہیں ہے، ایران

امریکی پابندیوں اور جنگ کے باعث ملک کو مالی مشکلات کا سامنا ہے، عبدالناصر ہمتی

تہران (آئی این پی) ایران نے امریکی دعوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی معیشت کے مکمل تباہ ہونے کا کوئی امکان نہیں، تاہم حکام نے اعتراف کیا ہے کہ امریکی پابندیوں اور جنگ کے باعث ملک کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے گزشتہ ہفتے دعوی کیا تھا کہ ایران پر فوجی حملوں اور اس کی جنوبی بندرگاہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

لاہور: یتیم لڑکے کو کچلنے والا ملزم پولیس مقابلے میں ہلاک

عدالتی ریمانڈ کے دوران فرار ملزم فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا، نامعلوم ساتھی فرار

ملتان/ بہاولپور (نیوز ایجنسی) ملتان میں 15 سالہ یتیم لڑکے وسیم عباس کو مبینہ طور پر جبری مشقت سے انکار اور کام چھوڑ کر جانے پر گاڑی تلے کچل کر قتل کرنے کے مقدمے کا مرکزی ملزم توقیر نذیر بہاولپور کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ملزم ناردرن بائی پاس کے قریب فائرنگ کے تبادلے کے دوران اپنے ہی ساتھی کی گولی لگنے سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

قومی بچت سکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کر دیا گیا

اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 6.11 فیصد سے 12 فیصد بڑھ گیا

اسلام آباد (آئی این پی) قومی بچت کی اسکیموں کے شرح منافع میں اضافہ کر دیا گیا۔ اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹ کا شرح منافع 6.11 فیصد سے بڑھا کر 12 فیصد کر دیا گیا ہے۔ ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کے شرح منافع کو 76.11 فیصد سے بڑھا کر 12.12 فیصد، بہبود سیونگز سرٹیفکیٹ، پنشنرز بینیفٹ اکاؤنٹ اور شہدا فیملی ویلفیئر اکاؤنٹ کا شرح منافع 12.12 فیصد سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

تعلیم ہر بچے کا بنیادی اور آئینی حق ہے،، حافظ نعیم الرحمن

مفت اور معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے، امیر جماعت

گلبرگ ٹاؤن میں 70 سڑکوں، 300 گلیوں، اسکول اور آئی ٹی اسپیس کا افتتاح

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ تعلیم ہر بچے کا بنیادی اور آئینی حق ہے، معیاری اور مفت تعلیم کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ سندھ میں 75 لاکھ بچوں کو سرکاری سطح پر تعلیم ملنی چاہیے، جبکہ سرکاری اسکولوں کی تباہ حالی اور گھوسٹ اسکولوں کی موجودگی تشویش ناک ہے۔ تعلیم کارڈ کے ذریعے بچوں کے تعلیمی اخراجات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے سعودی سفیر ڈاکٹر رائج العنقی ملاقات کر رہے ہیں

فرانس میں ہنگامے بے قابو، جلاؤ گھیراؤ، لوٹ مار، فوج طلب

سرکاری ونجی املاک کو نقصان پہنچانے کے واقعات کے بعد سیکیورٹی آپریشن کا اعلان

پیرس (صباح نیوز) فرانس میں پُرتشدد مظاہروں، لوٹ مار اور سرکاری ونجی املاک کو نقصان پہنچانے کے واقعات کے بعد حکومت نے ہفتے کو ہونے والے مزید احتجاج سے نمٹنے کے لیے پولیس کے ساتھ فوج تعینات کرنے اور بڑے پیمانے پر سیکیورٹی آپریشن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم سیباستیاں لیکورنو نے گزشتہ ہفتے ہونے والے ہنگاموں پر قابو پانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوشش ناکام، 4 حوثی ڈرونز تباہ

صوبہ تعز میں حوثی کی پیش قدمی روک دی گئی، سعودی عرب میں سیکیورٹی ہائی الرٹ

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی اتحادی فوج نے مدینہ ریجن اور مشرقی صوبے میں کارروائی کے دوران 4 ڈرونز تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سعودی حکام کے مطابق ڈرون حملوں کو فضا میں ہی ناکام بنا دیا گیا، تاہم حملوں کے ممکنہ نقصانات اور ان کے اہداف سے متعلق مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ سعودی اتحادی فوج کے مطابق ڈرونز کو مختلف مقامات پر کارروائی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

غزہ میں اسرائیلی حملے، میاں بیوی سمیت 4 فلسطینی شہید

رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی فضائی حملے میں اکرم یاسین، اہلیہ شہید ہوگئیں

مقبوضہ بیت المقدس (آئی این پی) غزہ میں اسرائیلی فضائی حملوں اور فائرنگ کے نتیجے میں میاں بیوی اور 17 سالہ نوجوان سمیت 4 فلسطینی شہید ہو گئے۔غزہ شہر میں رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی فضائی حملے میں اکرم یاسین اور ان کی اہلیہ دینا ابوبکر شہید ہو گئے، اسرائیلی فوج نے بعد میں دعوی کیا کہ اکرم یاسین حماس کے سیکورٹی ادارے کے سینئر عہدیدار تھے۔جنوبی غزہ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احد چیمہ سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

پاک، افغان اختلافات کو سفارتی ذرائع سے حل کیا جائے، روس

فریقوں کی دلچسپی ہو تو ماسکو ضروری معاونت فراہم کرنے کیلئے تیار ہے، ماریا زاخاروا

ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) بی روس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان اختلافات کو سیاسی اور سفارتی ذرائع سے حل کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں فریقوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کا کل سے اسلام آباد سپر لانگ مارچ کرنے کا اعلان

اپنے اصولی موقف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، نائب امیر جماعت لیاقت بلوچ

لاہور (بیورو رپورٹ) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 23 اکتوبر اسلام آباد سپر لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کا آغاز ہو جائے گا۔ لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی کی لانگ مارچ کے تیسرے مرحلے کے آغاز کی ملک گیر احتجاج کی کال بروقت اقدام ہے۔ 23 اکتوبر جمعہ کو ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر پُرامن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

پختونخوا میں پیشگی اجازت کے بغیر سکولز عمارتوں کی توسیع پر پابندی عائد

پشاور (صباح نیوز) خیبر پختونخوا میں پیشگی اجازت کے بغیر اسکولوں کی عمارتوں کی توسیع پر پابندی عائد کر دی گئی۔ پرائیویٹ اسکولز ریگولیٹری اتھارٹی خیبر پختونخوا نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

سوڈان، ڈرون حملہ، 53 افراد ہلاک؛ خواتین اور بچے بھی نشانہ بنے

ہلاک اور زخمی ہونے والوں میں خواتین، بچے، بزرگ شامل، اقوام متحدہ کا اظہار تشویش

خرطوم (آئی این پی) سوڈان کی فوج پر متنازع سرحدی علاقے ابیئی میں ایک بازار پر ڈرون حملہ کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں کم از کم 53 افراد ہلاک اور 27 زخمی ہو گئے۔خبر رساں ادارے اے ایف پی کے مطابق ابیئی کے مقامی حکام نے الزام لگایا کہ حملے کے دوران فوج نے 22 بارودی مواد یا گولہ بارود استعمال کیا۔حکام کا کہنا ہے کہ ہلاک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

بھارتی دفاعی کمپنی میں کرپشن، کروڑوں کے فوجی معاہدے مشکوک

مودی سرکار سیاسی مقاصد کیلئے نام نہاد فوجی طاقت کے نام پر پیسہ لوٹ رہی، بھارتی صحافی

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی دفاعی کمپنیوں میں بدعنوانی کے انکشافات نے فوجی معاہدوں پر سوالات اٹھا دیے ہیں، جبکہ مودی حکومت کی کارکردگی اور ادارہ جاتی کمزوریوں کو بھی شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بھارتی جریدے دی اکنامک ٹائمز کے مطابق ایک دفاعی کمپنی کے خلاف کرپشن تحقیقات کے نتیجے میں 2 ہزار کروڑ روپے سے زائد مالیت کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

حوثیوں نے مدینہ منورہ کی جانب ڈرون بھیجنے کی تردید کر دی

صنعاء (آئی این پی) یمن کے حوثی گروپ نے سعودی عرب کے مقدس شہر مدینہ منورہ کی جانب ڈرون بھیجنے اور سعودی سرزمین پر کسی بھی قسم کی فوجی کارروائی کرنے کی تردید کر دی ہے۔خبر رساں ادارے رائٹرز کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

سعودیہ اور حوثیوں نے ثالثی کی پیشکش کا جواب نہیں دیا، عراقچی

تہران (آئی این پی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ثالثی کی پیشکش پر سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔عراقچی ٹی وی کو انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ یہ پیشکش رواں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد، کراچی سے بارڈر ہیلتھ سروس کے 2 افسران کو گرفتار کر لیا گیا

اسلام آباد (آئی این پی) ایف آئی اے اسلام آباد کی ٹیم نے کراچی میں کارروائی کر کے بارڈر ہیلتھ سروس کے 2 افسران کو گرفتار کر لیا۔ذرائع کے مطابق بارڈر ہیلتھ سروس کے افسران ہر مسافر سے ویکسینیشن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

پی ٹی آئی پارٹی میں دوسوسے پھیلانے والے سانپ سنپولے سلمان راجہ آپکی غلطیوں کا خمیازہ بھگت رہے ہیں، گنڈاپور

سیکرٹری جنرل تحریک انصاف کا سوشل میڈیا پوسٹ میں اراکین کو کسی سازشی بیانیے پر یقین نہ کرنے کی ہدایت

اگر ایک عہدہ آپ کو ہضم نہیں ہو رہا تو ہاضمے کی دوائی ہے ہمارے پاس، آپ اختیار استعمال کر سکے نہ ڈیلیور، سابق وزیر اعلیٰ کا جواب

پشاور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی میں دراڑیں ظاہر ہونا شروع ہو گئیں، پارٹی کے سینئر رہنما ایک دوسرے پر سنگین الزامات لگانے کے ساتھ دھمکیاں دینے پر اتر آئے۔ پاکستان تحریک انصاف میں سلمان اکرم راجہ کی سوشل میڈیا پوسٹ کے بعد اختلافات سامنے آ گئے، سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور اور ارکان اسمبلی نے ان کے مؤقف پر سخت تنقید کی ہے۔ سلمان اکرم راجہ نے اپنی پوسٹ میں کسی سازشی بیانیے پر یقین نہ کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ جنید اکبر کے بعد علی اصغر قائم مقام صوبائی صدر ہیں۔ انہوں نے دو سوسے پھیلانے والوں کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک سے یورپی یونین کے نمائندہ ملاقات کر رہے ہیں

2000 کنال زمین پر جدید ہاؤسنگ اسکیم بنے گی

FGEHA کا معاہدہ

وفاقی ملازمین اور عام شہریوں کو عالمی معیار کی جدید رہائشی سہولیات کی بروقت اور شفاف فراہمی ممکن ہو سکے

منصوبہ سرکاری ملازمین کے لیے سستی اور معیاری رہائش کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کی ایک بڑی پیش رفت کیپٹن (ر) ظفر اقبال

اسلام آباد، FGEHA کے حکام معاہدہ کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) نے اپنے جوائنٹ وینچر پروجیکٹس ونگ (JVP) کے تحت ضلع راولپنڈی کے اہم ترین علاقے میں ہاؤسنگ اسکیم کے لیے معاہدے کی یادداشت (MoU) پر دستخط کی تقریب کا انعقاد کیا۔ یہ تقریب فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی، جی-10/4 اسلام آباد میں منعقد ہوئی۔اس موقع پر وفاقی ملازمین اور شہریوں کے لیے رہائشی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں اہم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

روزنامہ Daily SHEHAR NAMA Islamabad شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088, 0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

یورپ میں مظاہرے!

بڑھتی مہنگائی، خصوصاً بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، تعلیمی اداروں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف فرانس میں شروع ہونے والے پُرتشدد مظاہروں کے ساتھ دیگر یورپی ممالک میں بھی احتجاجی سرگرمیاں شدت اختیار کر گئی ہیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانس کے علاوہ اٹلی اور البانیہ میں بھی مظاہرین سڑکوں پر نکل آئے، جبکہ پرتگال اور سپین میں مہنگائی اور رہائشی بحران کے خلاف بڑے مظاہرے کیے گئے۔ بعض مقامات پر پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں، سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچایا اور متعدد افراد کو حراست میں لیا گیا۔ فرانسیسی وزارتِ داخلہ کے مطابق 17 اکتوبر کو ملک بھر میں ہونے والے مظاہروں میں تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ افراد شریک ہوئے۔ احتجاج کے دوران بعض مقامات پر توڑ پھوڑ، لوٹ مار اور پولیس سے جھڑپوں کے واقعات پیش آئے۔ دوروز کے دوران 271 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ سیکیورٹی اداروں کے 14 اہلکار زخمی ہوئے۔ شہر کے میئر نے پُرامن احتجاج کے حق کو تسلیم کرتے ہوئے تشدد، لوٹ مار اور املاک کو نقصان پہنچانے کی مذمت کی۔ پرتگال کے دارالحکومت لزبن اور دوسرے بڑے شہر پورٹو میں بھی ہزاروں افراد نے بڑھتے کرایوں، رہائش کی عدم دستیابی، کم اجرتوں اور روزمرہ اخراجات کے خلاف مارچ کیا۔ بعض مظاہرین نے رہائشی بحران کی جانب توجہ دلانے کیلئے احتجاجی کیمپ لگائے۔ سپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں بھی رہائش کے بڑھتے اخراجات کے خلاف احتجاجی کیمپ قائم کیے گئے، جبکہ اساتذہ نے بہتر تنخواہوں اور کام کے حالات کے لئے ہڑتال کی۔ مختلف ممالک میں اگرچہ احتجاج کی فوری وجوہات الگ الگ ہیں تاہم مہنگائی، رہائش، تعلیم اور عوامی خدمات سے متعلق مسائل نے عوامی بے چینی میں اضافہ کیا ہے۔

دنیا اس وقت شدید بے چینی اور اضطراب کی کیفیت سے گزر رہی ہے۔ یورپ کی سڑکوں پر ہونے والے مظاہرے محض مہنگائی یا رہائش کے بحران کے خلاف احتجاج نہیں بلکہ اس وسیع تر معاشی اور سماجی دباؤ کی علامت ہیں جس نے عام آدمی کی زندگی کو شکل بنا دیا ہے۔ بجلی، پیٹرول، ڈیزل، خوراک اور رہائش کے اخراجات بڑھ رہے ہیں جبکہ بہت سے خاندانوں کی آمدن اُن کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ناکافی ثابت ہو رہی ہے، تعلیم، صحت اور روزگار کے مسائل نے نوجوانوں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات میں مستقبل کے بارے میں غیر یقینی کو بڑھا دیا ہے۔ اِس صورتحال کو مزید پیچیدہ بنانے والا ایک اہم عنصر دنیا کے مختلف حصوں میں جاری جنگیں اور تنازعات ہیں۔ یہ جنگیں انسانی جانوں کے ضیاع اور بنیادی ڈھانچے کی تباہی تک محدود نہیں بلکہ توانائی کی قیمتوں، تجارت، رسد اور سرمایہ کاری کو بُرے طریقے سے متاثر کر رہی ہیں جس کے نتیجے میں کئی معیشتوں کے لئے اپنے ترقیاتی اہداف حاصل کرنا مشکل ہو چکا ہے، حکومتوں کے مالی وسائل پر دباؤ بڑھ چکا ہے اور وہ یہ بوجھ عام شہریوں پر منتقل کرتی چلی جا رہی ہیں۔ معاشی مشکلات جب طویل عرصے تک برقرار رہیں تو بے روزگاری، مایوسی اور ذہنی دباؤ میں بھی اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ بعض افراد خودکشی جیسے اقدام پر تیار ہو جاتے ہیں۔ عالمی طاقتوں اور فیصلہ سازوں کو سمجھنا ہوگا کہ محض طاقت کے استعمال، پابندیوں اور سیاسی مفادات کی بنیاد پر مسائل کا مستقل حل ممکن نہیں، جنگیں شروع کرنے یا تنازعات کو طول دینے کے بجائے اِن کے اسباب دور کرنے، سفارت کاری کو مؤثر بنانے اور انسانی جانوں کے تحفظ کو ترجیح دینے کی ضرورت ہے جبکہ معاشی پالیسیوں میں انصاف، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور کمزور طبقات کے تحفظ کو مرکزی حیثیت ملنی چاہئے۔ دنیا میں پائیدار اَمن اُسی صورت ممکن ہے کہ جب بین الاقوامی تعلقات میں انصاف، ریاستوں کی خودمختاری، انسانی حقوق اور باہمی احترام کو عملی طور پر تسلیم کیا جائے۔ عالمی قیادت نے اگر عوام کی بڑھتی ہوئی محرومیوں اور اضطراب کو نظرانداز کیا تو معاشی بے چینی مزید گہری ہو سکتی ہے۔

کے پی معدنیات ٹھیکیے، حقائق عوام کے سامنے رکھے جائیں!

وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا (کے پی) میں پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) دور میں جاری کیے گئے معدنیات کے ہزاروں لائسنسوں کی شفاف تحقیقات کا اعلان کیا ہے۔ اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ صوبائی معدنیات خیبر پختونخوا کے عوام کے تھے، ہیں اور رہیں گے لیکن بعض سیاستدانوں کا کے پی ایمرجنسی کو معدنیات سے جوڑنا قابلِ مذمت ہے۔ مولانا فضل الرحمان خیبر پختونخوا کے حالات کو جانتے ہیں، انہیں نہ صرف دہشت گردی کے حوالے سے موقف واضح کرنا چاہیے بلکہ اِس کے خلاف جنگ میں ساتھ بھی دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی میں ایمرجنسی کے نفاذ کا مقصد دہشت گردی کا خاتمہ تھا، صوبے میں تعمیر و ترقی کا جامع اور مربوط پروگرام ترتیب دیا جا چکا ہے، پہلے مرحلے میں شدید متاثرہ 12 اضلاع سے دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، اِس دوران اِن اضلاع سے مقامی افراد کی کسی بھی قسم کی نقل مکانی نہیں ہوگی۔

وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور نے مزید کہا کہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پہلے بھی جاری تھے، اب مزید تیزی آ رہی ہے، اِن اضلاع میں صوبائی حکومت کی مکمل عملداری قائم کی جائے گی، پورے صوبے میں تعمیر و ترقی کے نئے سنہری دور کا آغاز ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی پر قابو پانے کی کوششوں کو سبوتاژ نہ کیا جائے، کے پی حکومت نے کرپشن اور جیبیں بھرنے کے سوا کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محمود خان اچکزئی کو عمران خان نے اپوزیشن لیڈر بنایا لیکن خود اپوزیشن کی اکثریت چاہتی ہے کہ وہ حزب اختلاف کے لیڈر رہیں۔

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد صوبے کے معدنی وسائل اور انہیں نکالنے کے لیے دیے جانے والے ہزاروں ٹھیکے گذشتہ کئی دنوں سے زیرِ بحث ہیں۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے 11 اکتوبر کو کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کر کے وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی کی حکومت اور صوبائی اسمبلی کو غیر فعال کر دیا تھا، صوبے بھر میں گورنر راج کے ساتھ ایمرجنسی نافذ کی گئی، گورنر صاحب کے ماتحت مشاورتی کونسل قائم کی گئی جبکہ 12 اضلاع کے لیے ایک خصوصی سیکریٹریٹ قائم کر کے اِسے اپنے ماتحت رکھا۔ معدنی وسائل کے حوالے سے بحث اس وقت شروع ہوئی جب 16 اکتوبر کو ملتان میں ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے الزام لگایا کہ معدنی وسائل سے مالا مال سابقہ قبائلی اضلاع میں گورنر راج نہیں بلکہ ایمرجنسی لگائی گئی ہے جو دراصل فوم کو دھوکہ دینے کے مترادف ہے، پہلے 2018ء میں سابق قبائلی اضلاع کو خیبر پختونخوا میں ضم کر کے پہاڑوں کے نیچے دبے معدنی ذخائر صوبے کی ملکیت بنا دیے گئے اور اب کیا وجہ ہے کہ پورے صوبے میں گورنر راج نہیں لگایا جا رہا۔ اِسی طرح کی گفتگو عوامی نیشنل پارٹی کے صدر اسمٰعیل ولی خان نے بھی ایک بیان میں کی کہ سات ہزار ارب روپے کے معدنی وسائل والے 12 اضلاع میں ایمرجنسی لگا کر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر بھی ایک مہم شروع کر دی گئی کہ 12 اضلاع کے ساتھ امتیازی سلوک دراصل ان معدنیات پر قبضے کی کوشش ہے۔ وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے اِس دعوے کو رد کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے دور میں خیبر پختونخوا میں معدنیات نکالنے کے لائسنس تیزی سے بڑھے، عسکری اداروں کا اِس شعبے میں حصہ نہ ہونے کے برابر تھا۔ اِس وقت 500 سے زائد نئی درخواستیں زیرِ غور ہیں جن میں سے کوئی ایک بھی کسی عسکری ادارے کی طرف سے دائر نہیں کی گئی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی آزادی سے لے کر 2010ء تک پورے کے پی میں صرف 482 مائننگ لائسنس جاری ہوئے لیکن پی ٹی آئی کی مسلسل صوبائی حکومتوں کے دوران یہ تعداد 2020ء تک ایک ہزار 762، فروری 2024ء تک تین ہزار 962 اور اب چار ہزار 917 تک پہنچ چکی تھی، یہ لائسنس وفاق نے نہیں بلکہ خود پی ٹی آئی حکومت نے دیے۔ مذکورہ لائسنسوں میں سے چار ہزار 133 آباد اضلاع جبکہ 784 ضم شدہ اضلاع میں ہیں، ایف ڈبلیو او کے پاس صرف ایک لائسنس ہے جو 2015ء میں شمالی وزیرستان کے علاقے بویا میں دیا گیا تھا۔ آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی ایک آڈٹ رپورٹ کے مطابق سابقہ پی ٹی آئی حکومت کے ماتحت چلنے والے کے پی کے مرتل ڈیپازٹمنٹ میں اربوں روپے کی مالی بے ضابطگیاں پائی گئیں جبکہ غیر قانونی کان کنی کی وجہ سے صوبائی خزانے کو آٹھ ارب روپے کا براہِ راست نقصان پہنچا۔ پی ٹی آئی کی سابق صوبائی حکومت نادہندہ ٹھیکیداروں سے 31.4 ارب روپے اور لیز ہولڈرز سے 81 کروڑ روپے کے واجبات وصول کرنے میں بھی ناکام رہی۔ اِس کے مسائل حل کرنے کے لیے مقامی مشران اور ملک صاحبان کی مشاورت سے ہر ضلعے سے دو عمائدین چننے اور اِن 24 ارکان پر مشتمل علاقائی ترقی کونسل تشکیل دی جا رہی ہے۔

افسوسناک بات یہ ہے کہ یہاں سوشل میڈیا پر جھوٹ پھیلا کر لوگوں کو گمراہ کرنے کی روایت بہت عام ہو گئی ہے، جس کا دل کرتا ہے وہ کسی پر بھی انگلی اٹھانا شروع کر دیتا ہے، اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جاتا ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ خبریں ان کی طرف سے پھیلائی جا رہی ہوں جنہیں کوئی ڈر ہو یا پھر وہ لائسنس کے معاہدوں پر پورا نہ اترتے ہوں۔ بعض رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومت نے اب تک واجب الادا اربوں روپے ٹھیکداروں سے واپس نہیں لیے اور اب جب تحقیقات ہوں گی تو واضح ہو جائے گا کہ درحقیقت کس نے فائدہ اٹھایا۔ پی ٹی آئی کے متعلقہ سابق صوبائی وزیر کے مطابق لائسنسوں کی تعداد میں اضافہ صوبے کی آمدن بڑھانے کے لیے کیا جاتا رہا۔ ملک کے ہر صوبے میں معدنی ذخائر موجود ہیں۔ سندھ میں تھر کول فیلڈ کے تحت 175 ارب ٹن کوئلے کے ذخائر موجود ہیں جو ملک کی بجلی کی بڑی ضرورت کو پوری کرتے ہیں۔ پنجاب میں دنیا کی دوسری بڑی سونے کی کان، چنیوٹ میں لوہے کے وسیع ذخائر جبکہ بلوچستان میں تیل اور گیس موجود ہیں جو ملکی سیمنٹ اور تعمیراتی صنعت کو چلاتے ہیں۔ بلوچستان اور گلگت بلتستان میں بھی بے شمار معدنی ذخائر پائے جاتے ہیں لیکن کسی دوسرے صوبے میں ایسی بحث کبھی سامنے نہیں آئی۔ کے پی کے معدنی ذخائر پر صوبے کے عوام کا مکمل حق ہے، حکومت کو چاہئے کہ مذکورہ کم و بیش پانچ ہزار لائسنسوں کے اجراء سمیت اِن کے ٹین دین کی شفاف تحقیقات کرائے اور حقائق عوام کے سامنے رکھے۔

رابطہ کاری سے مشترکہ خوشحالی تک: شنگھائی تعاون تنظیم کے لیے پاکستان کا وژن

شنگھائی تعاون تنظیم اب محض علاقائی سلامتی کے ایک فورم تک محدود نہیں رہی بلکہ تیزی سے اقتصادی تعاون، رابطہ کاری، تجارت اور ترقی کے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر ابھر رہی ہے۔ دوشنبے میں ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف گورنمنٹ کے 25ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیرِ اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے جس انداز میں علاقائی رابطہ کاری، توانائی و ٹرانسپورٹ کے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، مالی تعاون اور مشترکہ خوشحالی پر زور دیا، وہ پاکستان کی ایک وسیع تر علاقائی سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔

ایس سی او میں دنیا کی بڑی معیشتیں، اہم توانائی پیدا کرنے والے ممالک، اسٹریٹجک راہداریوں پر واقع ریاستیں اور دنیا کی ایک بڑی آبادی شامل ہے۔ اس کے باوجود اس خطے کی مجموعی اقتصادی صلاحیت ابھی تک پوری طرح بروئے کار نہیں آ سکی۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ سیاسی تعاون کے مقابلے میں زمینی، مالی اور تجارتی رابطہ کاری اب بھی بہت پیچھے ہے۔

پاکستان کی جانب سے "شنگھائی اسپرٹ" یعنی باہمی اعتماد، باہمی فائدے، مساوات، مشاورت، ثقافتی تنوع کے احترام اور مشترکہ ترقی کے اصولوں کی توثیق اسی لیے اہم ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ یہ اصول محض سفارتی بیانات تک محدود نہ رہیں بلکہ عملی علاقائی انضمام کی بنیاد بنیں۔

نوبی ایشیا، وسطی ایشیا، چین، روس اور وسیع تر یوریشیائی خطہ اگر مؤثر تجارتی اور ٹرانسپورٹ نیٹ ورکس سے منسلک ہو جائے تو اس سے بے پناہ اقتصادی امکانات پیدا ہو سکتے ہیں۔ تاہم ناکافی بنیادی ڈھانچہ، پیچیدہ سرحدی ضابطے، محدود تجارتی راستے اور ادارہ جاتی کمزوریاں اب بھی بڑی رکاوٹیں ہیں۔ سڑکوں، ریلوے، توانائی پائپ لائنوں، بجلی کی ترسیل کے نظام اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری پورے خطے کی اقتصادی ساخت بدل سکتی ہے۔

اسی تناظر میں چین پاکستان اقتصادی راہداری، سی پیک، کو وسیع تر ایس سی او تعاون کے لیے کھولنے کی پاکستان کی تجویز نہایت اہم ہے۔ سی پیک کو اب محض پاکستان اور چین کے دوطرفہ منصوبے کے طور پر نہیں بلکہ بحیرہ عرب کو وسطی ایشیا اور یوریشیائی خطے سے ملانے والے ممکنہ اقتصادی پل کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔

پاکستان کا جغرافیائی محلِ وقوع اسے ایک منفرد فائدہ فراہم کرتا ہے۔ بحیرہ عرب تک رسائی اور وسطی ایشیا سے قربت پاکستان کو کنکشنی میں گھرے ممالک کے لیے سمندری تجارت کے مختصر راستے فراہم کرنے کی صلاحیت دیتی ہے۔ لیکن صرف جغرافیہ خوشحالی کی ضمانت نہیں۔ اس کے لیے جدید انفراسٹرکچر، سیاسی استحکام، مؤثر کسٹمز نظام اور پائیدار علاقائی تعاون ضروری ہے۔

اسحاق ڈار کی جانب سے توانائی کے شعبے پر زور بھی مکمل طور پر درست ہے۔ ایس سی او کے بعض ممالک تیل، گیس، پن بجلی اور قابل تجدید توانائی کے بڑے ذخائر رکھتے ہیں، جبکہ بعض دیگر ممالک شدید توانائی قلت کا سامنا کر رہے ہیں۔ اگر ایک مربوط علاقائی توانائی نیٹ ورک قائم ہو جائے تو توانائی پیدا کرنے والے ممالک اپنی اضافی صلاحیت ان معیشتوں تک پہنچا سکتے ہیں جہاں اس کی شدید ضرورت ہے۔ اس سے صنعتی ترقی، روزگار اور مجموعی اقتصادی استحکام کو فروغ مل سکتا ہے۔

زراعت، کان کنی، معدنیات اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں بھی وسیع امکانات موجود ہیں۔ پاکستان کے پاس خود ایک بڑا زرعی شعبہ، قیمتی معدنی وسائل اور تیزی سے ترقی کرتی آئی ٹی انڈسٹری موجود ہے۔ مشترکہ منصوبے، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور سرمایہ کاری کے نئے ماڈلز پورے ایس سی او خطے میں ترقی کے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔

اظہارِ خیال

منظر نقوی

پاکستان کا یہ مؤقف بھی قابلِ توجہ ہے کہ غربت میں کمی کے لیے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کو مرکزی اہمیت دی جانی چاہیے۔ بڑے انفراسٹرکچر منصوبے توجہ ضرور حاصل کرتے ہیں، مگر حقیقی روزگار اور آمدنی کا بڑا حصہ ایس ایم ایز پیدا کرتے ہیں۔ اگر ایس سی او عام لوگوں کی زندگی میں بہتری لانا چاہتی ہے تو اسے بڑے سرکاری منصوبوں کے ساتھ ساتھ چھوٹے تاجروں، کسانوں، کاروباری افراد اور نوجوان اسٹارٹ اپس کو بھی علاقائی معیشت سے جوڑنا ہوگا۔

ایس سی او ڈیولپمنٹ بینک، ڈیولپمنٹ فنڈ اور انویسٹمنٹ فنڈ کے قیام کی تجویز بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بہت سے علاقائی منصوبے صرف اس لیے آگے نہیں بڑھ پاتے کہ مالی وسائل بیرونی اداروں پر منحصر ہوتے ہیں۔ اگر ایس سی او اپنے معتبر اور شفاف مالیاتی ادارے قائم کر لے تو انفراسٹرکچر، توانائی، ماحولیاتی تبدیلی اور ٹیکنالوجی کے منصوبوں کو مضبوط سہارا مل سکتا ہے۔

اسی طرح باہمی تجارت میں قومی کرنسیوں کے استعمال میں اضافے سے ممالک کو بیرونی مالیاتی جھٹکوں سے کسی حد تک تحفظ مل سکتا ہے۔ البتہ ایسے اقدامات کو معاشی اصولوں، شفافیت اور باہمی اعتماد کی بنیاد پر آگے بڑھانا ضروری ہوگا۔

پاکستان کی جانب سے تحفظ پسند پالیسیوں اور یکطرفہ معاشی دباؤ کے خلاف آواز اٹھانا بھی اہم ہے۔ عالمی معیشت پہلے ہی تقسیم اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہے۔ اگر تجارتی رکاوٹیں، تکنیکی پابندیاں اور مالیاتی دباؤ مزید بڑھتے ہیں تو اس سے عدم مساوات میں اضافہ ہوگا۔ ایس سی او ایک زیادہ منصفانہ اور قواعد پر مبنی عالمی اقتصادی نظام کے لیے اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ تاہم ان تمام اہداف کی بنیاد امن پر ہے۔

افغانستان علاقائی رابطہ کاری کے مستقبل میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ ایک پُرامن، مستحکم اور معاشی طور پر مربوط افغانستان وسطی اور جنوبی ایشیا کے درمیان ایک اہم پل بن سکتا ہے۔ اس کے برعکس دہشت گردی اور عدم استحکام تجارتی راہداریوں، سرمایہ کاری اور پورے خطے کی سلامتی کو متاثر کرتے رہیں گے۔ اسی لیے پاکستان کا یہ مطالبہ کہ افغان سرزمین کو پاکستان یا کسی دوسرے ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دیا جائے، صرف سیکیورٹی کا مسئلہ نہیں بلکہ علاقائی اقتصادی ترقی سے بھی براہ راست جڑا ہوا ہے۔

پاک فوج اور شہداء کی تضحیک: مولانا نے مایوس کیا

مولانا فضل الرحمن کے پاک فوج اور اس کے شہداء کے بارے میں حالیہ بیانات نے پورے ملک میں وسیع پیمانے پر غم و غصہ پیدا کر دیا ہے۔ پاکستانی اس تجویز کو ناانصافی اور بے توجہی پر مبنی قرار دیتے ہیں کہ سپاہی تنخواہوں کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں اور یہ موقف رکھتے ہیں کہ کوئی بھی رقم کسی پیارے کے نقصان کا ازالہ نہیں کر سکتی۔ سپاہی سرحدوں کا دفاع کرتے ہیں، دہشت گردی کے خلاف لڑتے ہیں، سخت حالات کا مقابلہ کرتے ہیں اور قوم کی حفاظت کے لیے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ ان کی خدمات کا دائرہ کار ہنگامی امداد، اندرونی سلامتی، قومی ترقی اور دور دراز علاقوں میں تعلیم اور صحت کی فراہمی تک بھی پھیلا ہوا ہے۔ ان کی خدمات نے فوج اور عوام کے درمیان تعلق کو مضبوط کیا ہے، جس کی وجہ سے ایسی تنقید جوان کی قربانیوں کو کم تر ظاہر کرتی ہو، خدمات انجام دینے والے سپاہیوں، سابق فوجیوں اور شہداء کے خاندانوں کے لیے خاص طور پر تکلیف دہ ہے۔ جن خاندانوں نے بیٹوں، شوہروں اور بیٹوں کو کھویا ہے، انہوں نے میڈیا کے ذریعے اپنے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ ان کے پیارے پاکستان کے لیے جان کی بازی ہار گئے ہیں، نہ کہ پیسے کے لیے اور انہوں نے معافی مانگنے کا مطالبہ کیا ہے۔ مذہبی اسکالرز، سیاسی رہنماؤں، سول سوسائٹی کی تنظیموں اور میڈیا تبصرہ نگاروں نے بھی ان بیانات کی مذمت کی ہے اور فوج اور ان کے خاندانوں کے لیے واجب الاحترام مقام پر زور دیا ہے۔ عوامی غصہ سوشل میڈیا، اجتماعات، یونیورسٹیوں، مارکیٹوں، ٹیلی ویژن کے مباحثوں اور منتخب نمائندوں سے اپیلوں کے ذریعے پھیل چکا ہے۔ لوگوں کو خدشہ ہے کہ ایسے بیانات ایسے وقت میں فوجی مورال کو نقصان پہنچا سکتے ہیں، خلیج کو گہرا کر سکتے ہیں اور قومی اتحاد کو کمزور کر سکتے ہیں جب پاکستان کو معاشی مشکلات، دہشت گردی، سلامتی کے خطرات اور سیاسی عدم استحکام کا سامنا ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ فوج اور اس کے شہداء ملک کے لیے اپنی قربانیوں اور خدمات کی وجہ سے احترام کے مستحق ہیں۔

یہ تنازع خیبر پختونخوا کی سیاسی صورتحال سے بھی جڑا گیا ہے، جہاں تجزیہ کاروں کا ماننا ہے کہ مولانا فضل الرحمن گورنر راج کے تحت اقتدار یا اثر و رسوخ کے حصے سے مایوس تھے جس کی انہیں توقع تھی۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنی سیاسی مایوسی کا رخ فوج کی طرف موڑ دیا ہے۔ وہ اس بات پر قائم ہیں کہ گورنر راج جمہوری حکومت اور متعلقہ حکام کی طرف سے آئینی طریقہ کار کے ذریعے نافذ کیا گیا تھا، نہ کہ فوج کی طرف سے۔ فوج سیاسی عہدے تقسیم نہیں کرتی اور نہ ہی یہ فیصلہ کرتی ہے کہ جماعتوں کے درمیان اقتدار کیسے تقسیم کیا جائے اور ناقدین کا استدلال ہے کہ سیاسی شکایات کا ازالہ مسلح افواج پر تنقید کرنے کے بجائے جمہوری فورمز کے ذریعے کیا جانا چاہیے۔ وہ اس بات پر بھی زور دیتے ہیں کہ سپاہی ملک کا دفاع کرنے کے لیے بھرتی اور تربیت یافتہ ہوتے ہیں، جبکہ ان کی تنخواہیں ان کی خدمات کا معمولی معاوضہ ہوتی ہیں، نہ کہ جانیں قربان کرنے کی قیمت۔ اگرچہ مولانا فضل الرحمن کا ایک طویل سیاسی کیریئر ہے اور انہیں ریاستی اداروں پر تنقید کرنے کا حق حاصل ہے، لیکن لوگوں کا ماننا ہے کہ ایسی تنقید حقائق پر مبنی، منصفانہ اور تعمیری ہونی چاہیے۔ کچھ مبصرین نے ان کے سیاسی مؤقف کو عشقِ عمران سے جوڑا ہے، جبکہ رپورٹس بتاتی ہیں کہ ان کے کئی حامی بھی ان کے بیانات سے بے چین ہیں۔ یہ شدید ردِعمل معاشرے کے مختلف طبقوں میں فوج اور اس کے شہداء کے لیے وسیع تر حمایت کی عکاسی کرتا ہے۔ ناقدین کا استدلال ہے کہ یہ تنازع عوام کے حقیقی خدشات سے توجہ ہٹاتا ہے، جن میں معاشی ریلیف، امن، سلامتی، ترقی اور سیاسی استحکام شامل ہیں۔ وہ مولانا پر زور دیتے ہیں کہ وہ اپنے الفاظ کے نتائج پر غور کریں، سوگوار خاندانوں کے درد کو محسوس کریں، اپنے مؤقف کی وضاحت کریں اور پہنچنے والی کسی بھی تکلیف پر معافی مانگیں۔

فوج اور عوام کا رشتہ اعتماد پر قائم ہے۔ یہ اعتماد ایک سالہا سال کی قربانیوں، خدمات، شہداء کے خون اور جوانوں کی لگن سے تعمیر ہوا ہے۔ یہ اعتماد ایک قیمتی قومی اثاثہ ہے جسے لاپرواہی پر مبنی بیانات سے نقصان نہیں پہنچایا جانا چاہیے۔ مولانا کے بیانات نے اس اعتماد کو مجروح کرنے کی کوشش کی اور عوام کے ذہنوں میں یہ شک ڈالنے کی کوشش کی کہ فوج فرض کے بجائے چیسوں سے متحرک ہوتی ہے۔ یہ خیال بالکل باطل ہے اور سپاہیوں، شہداء اور فوج پر اعتماد کرنے والے عوام کی توہین ہے۔ عوام نے اس خیال کو رد کرتے ہوئے فوج پر اپنے اعتماد اور شہداء کے لیے اپنے احترام کی مجددانہ تصدیق کی ہے۔ یہ ایک مثبت پہلو ہے جو دکھاتا ہے کہ عوام باخبر ہیں اور انہیں غلط بیانی سے گمراہ نہیں کیا جا سکتا۔ وہ فوج کی قربانیوں کی حقیقت اور شہداء کی قدر و قیمت جانتے ہیں اور یہی علم ان کی اور اس قوم کی اصل طاقت ہے۔

ملک کی سیاسی صورتحال پیچیدہ ہے جہاں کئی اہم فریق اور مفادات موجود ہیں۔ ایسے ماحول میں ذمہ دارانہ طرزِ عمل بے حد ضروری ہے۔ رہنماؤں کو بولنے سے پہلے سوچنا چاہیے اور اپنے الفاظ کے اثرات کا جائزہ لینا چاہیے۔ انہیں ایسے بیانات سے بچنا چاہیے جو تفریق کا سبب بنیں اور ان امور پر توجہ دینی چاہیے جو قوم کو متحد کرتے ہیں۔ پاک فوج اور شہداء اتحاد کا باعث اور قومی فخر کا سرچشمہ ہیں۔ انہیں سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی کوئی بھی کوشش غلط ہے۔ مولانا کو یہ بات سمجھنی چاہیے اور مستقبل میں ایسی کوششوں سے گریز کرتے ہوئے اپنی سیاسی کارکردگی اور اپنے حامیوں کی خدمت پر توجہ دینی چاہیے۔ انہیں معاشی و سماجی مسائل کے حل تلاش کرنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ سیاست کا یہی اصل مقصد ہے۔ فوج پر متنازع تبصرے کرنا قیادت یا عوام کی خدمت نہیں بلکہ ایک بے وفائی ہے جو ملک، عوام اور سیاسی عمل کو نقصان پہنچاتی ہے۔ مولانا کو اس تجربے سے سبق سیکھنا چاہیے، اپنا رویہ بدلنا چاہیے اور قومی سیاست میں ایک مثبت آواز بننا چاہیے۔

عوام کا غصہ تمام سیاستدانوں کے لیے ایک انتباہ ہے جو یہ بتاتا ہے کہ لوگ فوج اور شہداء کی توہین کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔ یہ اس بات کا پیغام ہے کہ عوام دیکھ رہے ہیں اور وہ اس کا جواب دیں گے۔ اس انتباہ کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے اور یہ سیاستدانوں کے رویے کی رہنمائی کرتا ہے تاکہ وہ بیانات میں محتاط اور ذمہ دار بنیں۔ پاکستان کے لوگ دل کے وسیع اور معاف کرنے والے ہیں لیکن ان کی بھی کچھ حدیں اور ریڈ لائنز ہیں اور پاک فوج اور شہداء ان ریڈ لائنز میں شامل ہیں۔ کسی بھی سیاستدان یا سیاسی جماعت کو ان کا استحصال کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے ورنہ نتائج سنگین ہوں گے۔ مولانا ان نتائج کا تجربہ کر چکے ہیں؛ ان کی ساکھ کو نقصان پہنچا ہے؛ ان کا سیاسی مقام متاثر ہوا ہے اور ان کے حامی الجھن کا شکار ہیں۔ یہ غیر ذمہ دارانہ بیانات کی قیمت ہے۔ دیگر سیاستدانوں کو اس سے سبق حاصل کرنا چاہیے، اسی غلطی کو دہرانے سے بچنا چاہیے اور عوام کے جذبات کے ساتھ ساتھ فوج اور شہداء کا احترام کرنا چاہیے۔ یہی سیاسی کامیابی اور قومی اتحاد کا واحد راستہ ہے۔

میڈیا آئی

عبدالباسط علوی

abdulbasitalvi@gmail.com

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

نکاح نامہ پڑھے بغیر شادی نہ کریں، ونیزہ احمد کا خواتین کو اہم مشورہ

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان کی معروف سابق پپر ماڈل اور اداکارہ ونیزہ احمد نے خواتین کو شادی سے قبل نکاح نامہ غور سے پڑھنے اور اپنے حقوق سے آگاہ ہونے کا مشورہ دے دیا۔ ونیزہ احمد نے حال ہی میں وسیع چوہدری کے شو میں گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود انہوں نے خود بھی اپنا نکاح نامہ اس وقت تک نہیں پڑھا تھا جب تک ان کی طلاق کا معاملہ سامنے نہیں آیا۔ اداکارہ نے کہا کہ خواتین کو نکاح نامے میں درج شرائط اور اپنے حقوق کے بارے میں سوال کرنے سے شرمانا نہیں چاہیے۔ انہوں نے والدین پر بھی زور دیا کہ وہ اپنی بیٹیوں کو نکاح نامے کی تمام شقیں پڑھنے اور سمجھنے کی ترغیب دیں۔ ونیزہ احمد نے دعویٰ کیا کہ بعض اوقات نکاح نامے سے خواتین کے حقوق سے متعلق شقیں نکال دی جاتی ہیں، اس لیے دستاویز کو اچھی طرح جانچنا ضروری ہے۔ اداکارہ کے مطابق شادی قسمت کا معاملہ ضرور ہے، لیکن خواتین کو اپنے مستقبل اور حقوق کے تحفظ کے لیے پہلے سے آگاہی حاصل کرنی چاہیے۔

فنکار اپنے کام سے مطمئن نہیں رہتے، علی عظمت کا اعتراف

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی گلوکار علی عظمت کا کہنا ہے کہ فنکاروں کے ل

کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تبدیلی

ایس ای سی پی کے ریکارڈ کے مطابق 18 مارچ 2026 کو کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تبدیلی عمل میں آئی۔ نئے ڈائریکٹرز میں محمد عارف نواز، مسز رخسانہ بتول اور جناب شاہد منیر شامل ہیں۔ کمپنی کے سیکرٹری کے فرائض بدستور ثاقب اکرام انجام دیں گے۔

ایسوسی ایٹ کمپنی کے حصص کی منتقلی

ایس ای سی پی کے ریکارڈ کے مطابق 18 مارچ 2026 کو کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تبدیلی عمل میں آئی۔ نئے ڈائریکٹرز میں محمد عارف نواز، مسز رخسانہ بتول اور جناب شاہد منیر شامل ہیں۔ کمپنی کے سیکرٹری کے فرائض بدستور ثاقب اکرام انجام دیں گے۔

کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کی تبدیلی

ایس ای سی پی کے ریکارڈ کے مطابق 18 مارچ 2026 کو کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تبدیلی عمل میں آئی۔ نئے ڈائریکٹرز میں محمد عارف نواز، مسز رخسانہ بتول اور جناب شاہد منیر شامل ہیں۔ کمپنی کے سیکرٹری کے فرائض بدستور ثاقب اکرام انجام دیں گے۔

کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کی تبدیلی

ایس ای سی پی کے ریکارڈ کے مطابق 18 مارچ 2026 کو کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تبدیلی عمل میں آئی۔ نئے ڈائریکٹرز میں محمد عارف نواز، مسز رخسانہ بتول اور جناب شاہد منیر شامل ہیں۔ کمپنی کے سیکرٹری کے فرائض بدستور ثاقب اکرام انجام دیں گے۔

شہر نامہ پبلشنگ ہاؤس

SHEHAR NAMA

کتب برائے فروخت

☆ تاریخ پاکستان، جلد اول تا سوم — 1500 روپے فی کارٹن

☆ اشعار اقبال بیک جلد کے ساتھ

☆ انجمن ادبی بیٹھک برائے شعر و سخن

☆ ایس ایس سی اور ایچ ایس سی کے لیے گائیڈ بکس

☆ تجارتی خط و کتابت کا نمونہ

کتب خانوں اور تعلیمی اداروں کو خصوصی رعایت

رابطہ

فون: 051-2249099

موبائل: 0333-5196088

Email: shehnamama@gmail.com

اشتہار کشمکی یا سپرد ڈاک

امریکا ایکسپریس منی آرڈر BM68482552 بنام

ایس ٹی کی ادائیگی کے بعد 18-ARID-6075 **2023** درج شدہ نمبر کے ساتھ

دوران سفر ہر قسم کی جس کی کوئی ذمے داری

گرے۔

اشتہار دہندگان کے لیے

ہمارا نمائندہ آپ کے دفتر یا گھر سے

اشتہار وصول کرنے آئے گا

0333-5382344 رابطہ کریں

کمپنی نمبر 1

کمپنی نمبر 2

کمپنی نمبر 3

کمپنی نمبر 4

کمپنی نمبر 5

کمپنی نمبر 6

کمپنی نمبر 7

کمپنی نمبر 8

کمپنی نمبر 9

کمپنی نمبر 10

کمپنی نمبر 11

کمپنی نمبر 12

کمپنی نمبر 13

کمپنی نمبر 14

کمپنی نمبر 15

کمپنی نمبر 16

کمپنی نمبر 17

کمپنی نمبر 18

کمپنی نمبر 19

کمپنی نمبر 20

کمپنی نمبر 21

کمپنی نمبر 22

کمپنی نمبر 23

کمپنی نمبر 24

کمپنی نمبر 25

کمپنی نمبر 26

کمپنی نمبر 27

کمپنی نمبر 28

کمپنی نمبر 29

کمپنی نمبر 30

کمپنی نمبر 31

کمپنی نمبر 32

کمپنی نمبر 33

کمپنی نمبر 34

کمپنی نمبر 35

کمپنی نمبر 36

کمپنی نمبر 37

کمپنی نمبر 38

کمپنی نمبر 39

کمپنی نمبر 40

کمپنی نمبر 41

کمپنی نمبر 42

کمپنی نمبر 43

کمپنی نمبر 44

کمپنی نمبر 45

کمپنی نمبر 46

کمپنی نمبر 47

کمپنی نمبر 48

کمپنی نمبر 49

کمپنی نمبر 50

کمپنی نمبر 51

کمپنی نمبر 52

کمپنی نمبر 53

کمپنی نمبر 54

کمپنی نمبر 55

کمپنی نمبر 56

راجہ الطاف حسین نمبردار وسیم چودھری کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

نمبردار وسیم کو نئی ذمہ داری ملنے پر راجہ الطاف حسین کی مبارکباد

امید ہے اپنی نئی ذمہ داری احسن طریقے سے نبھائیں گے، سابق جنرل کونسلر

راجہ خرم شہزاد نواز صاحب نے ہمیشہ اپنے ورکر کو عزت دی، راجہ الطاف حسین

اسلام آباد: (نمائندہ خصوصی) پاور ڈویژن کی جانب سے ترلائی اسلام آباد سے تعلق رکھنے والے نمبردار وسیم چودھری کو کوآرڈینیٹر این اے 48 راجہ خرم نواز برائے آئیسکو سوئی گیس نامزد کیے جانے پر امیدوار برائے چیئرمین شریف آباد و سابق جنرل کونسلر راجہ الطاف حسین نے دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر راجہ الطاف حسین نے راجہ محمد ظفیر کے ہمراہ نمبردار وسیم چودھری کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ راجہ الطاف حسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

فرانس میں جنگی طیارہ گر کر تباہ، عملے کا 1 رکن ہلاک، دوسرے کی تلاش جاری

پیرس (آئی این پی) فرانس کے شمال مشرقی علاقے میں تربیتی پرواز کے دوران میراج 2000 ڈی جنگی طیارہ گر کر تباہ ہو گیا، جس کے نتیجے میں عملے کا 1 رکن ہلاک ہو گیا، جبکہ دوسرے کی تلاش جاری ہے۔ فرانسیسی فضائیہ کے مطابق طیارہ منگل کی رات گرینچ معیاری وقت کے مطابق رات 9 بجے نینسی کے مضافات میں واقع ایئر بیس کے قریب گرا۔ فضائیہ کے ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد ایکسپریس وے پر دفتری اوقات کے دوران بڑے ٹریفک جام کا منظر، لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے

بارکوڈ سکینر زمین سیکیورٹی کمپنیوں کا انکشاف سائبر حملوں کے خطرات لاحق

2019 کے بعد سے عالمی سطح پر ای کامرس کی فروخت تقریباً دوگنا ہو کر 6 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر چکی

ترسیل کے نظام میں کسی رکاوٹ یا تاخیر کمپنیوں کے لیے بڑے مالی نقصانات اور ساکھ متاثر ہونے کا سبب بن سکتی ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) عالمی سائبر سیکیورٹی کمپنی کیسپر سکی کے ماہرین نے بارکوڈ اسکینرز کے ایک معروف ماڈل میں سیکیورٹی خامیوں کا انکشاف کیا ہے جن کے ذریعے سائبر حملہ آور ای کامرس کی سپلائی چین اور گوداموں کے کمپیوٹرنیٹ ورکس کو نشانہ بنا سکتے ہیں، کیسپر سکی کے مطابق 2019 کے بعد سے عالمی سطح پر ای کامرس کی فروخت تقریباً دوگنا ہو کر 6 ٹریلین ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے۔ ایسے میں سامان کی ترسیل کے نظام میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ یا تاخیر کمپنیوں کے لیے بڑے مالی نقصانات اور ساکھ متاثر ہونے کا سبب بن سکتی ہے۔ ممکنہ سائبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

گوجر خان، ایل پی جی سلنڈر مہنگے، عوامی حلقوں کا اظہار تشویش

سرکاری نرخ 3300 جبکہ مارکیٹ میں 6000 روپے تک وصول کیے جانے لگے

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان میں ایل پی جی گیس سلنڈروں کی قیمتوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے باعث شہری سرکاری نرخوں سے کہیں زیادہ قیمت ادا کرنے پر مجبور ہیں، سرکاری سطح پر 12 کلوگیس سلنڈر کی قیمت 3300 روپے مقرر ہونے کے باوجود گوجر خان میں یہی سلنڈر 5400 سے 6000 روپے تک فروخت ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس سے عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے ایل پی جی گیس سلنڈر کے لیے مقرر کردہ سرکاری نرخ اور مقامی مارکیٹ میں وصول کی جانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

وزیر داخلہ گلگت بلتستان حاجی دلپذیر خان کا ضلع گنگچھے کا دورہ

امن وامان اور انتظامی امور پر تفصیلی بریفنگ، تمام مکاتبِ فکر کے علماء کرام سے ملاقات

گنگچھے (نمائندہ شہرنامہ) صوبائی وزیر داخلہ گلگت بلتستان حاجی دلپذیر خان نے ضلع گنگچھے کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر آفس خپلو پہنچنے پر ڈپٹی کمشنر ضلع گنگچھے ولی اللہ فلاحی اور مختلف محکموں کے سربراہان نے ان کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

مشرقِ وسطیٰ میں سپلائی کے خدشات

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ

لندن (آئی این پی) مشرقِ وسطیٰ میں تیل کی سپلائی متاثر ہونے کے خدشات کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ بحیرہ احمر میں بحری جہازوں کو درپیش خطرات اور سعودی عرب میں تیل کی تنصیبات کو لاحق خطرات کے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

گوجر خان، سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے پرائس چیکنگ مہم جاری

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پیرا فورس کی جانب سے مہنگائی کی روک تھام اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے پرائس چیکنگ مہم جاری ہے، جس کے دوران سبزی منڈی میں پھلوں اور سبزیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ایران کا اقوام متحدہ سے امریکا اور اسرائیل کی دھمکیاں رکوانے کا مطالبہ

تہران (آئی این پی) ایران نے اقوام متحدہ سے امریکا اور اسرائیل کی تہران کو دی جانے والی دھمکیاں رکوانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایران نے اقوام متحدہ کو خط لکھ کر امریکا کی جانب سے مدر آف آل بمز استعمال کرنے کی دھمکی کی مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ امریکا اور اسرائیل کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

راولپنڈی کی ترقی اور عوامی خوشحالی مسلم لیگ کی ترجیحات میں شامل ہیں، حافظ عبداللہ بٹ

حکومت عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں اور فلاحی اقدامات پر توجہ دے رہی ہے

عوامی نمائندوں کو شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرنا چاہیے، شہرنامہ سے گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ راولپنڈی کے نائب صدر حافظ عبداللہ بٹ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ کی حکومت راولپنڈی کی ترقی، شہری سہولیات میں بہتری اور عوام کی خوشحالی کے لیے بھرپور کوششیں کر رہی ہے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ شہریوں کو بہتر سڑکیں، صاف پانی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات میسر آئیں۔ شہرنامہ سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے حافظ عبداللہ بٹ نے کہا کہ راولپنڈی کی تعمیر و ترقی اور عوامی مسائل کا حل وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں اور فلاحی اقدامات پر توجہ دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور ان کے مسائل حل کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ مسلم لیگ عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

چیئرمین سی ڈی اے سے ناروے کے سفیر کی لاقات

باہمی دلچسپی، مختلف امکانات اور دوطرفہ روابط کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان میں ناروے کے سفیر مسٹر سگوالڈ باؤگ نے چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد، مسٹر سہیل اشرف سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

آئی جی اسلام آباد سہیل چوہدری کی زیرِ صدارت اہم میٹنگز

بھرتیوں، ترقیاتی منصوبوں، امن و امان اور انسدادِ جرائم کا جائزہ لیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد سہیل چوہدری کی زیرِ صدارت اہم میٹنگز بھرتیوں، ترقیاتی منصوبوں، امن و امان اور انسدادِ جرائم کا جائزہ لیا۔ 4C سینٹر کا دورہ، پولیس آپریشنز اور سکیورٹی انتظامات بہتر بنانے کی ہدایات، اردل روم میں افسران و جوانوں کے مسائل بھی سنے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ڈی ایم اے طارق لطیف کی تاجر برادری کو مسائل حل کی یقین دہانی

تاجروں کے وفد کی ملاقات، اوپن اسپیسز اور تجاوزات پر جامع پالیسی کی تیاری پر اتفاق

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز (ICSTSI) کے صدر محمد اویس ستی کی قیادت میں شہر کی مختلف مارکیٹوں کے منتخب نمائندوں اور تاجر رہنماؤں کے وفد نے ڈائریکٹر میونسپل ایڈمنسٹریشن (ڈی ایم اے) میاں طارق لطیف سے ملاقات کی، جس میں اوپن اسپیسز، تجاوزات اور تاجر برادری کو درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صدر چیمبر اف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز محمد اویس ستی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، پناہ کے صدر میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی، ثناء اللہ گھمن و دیگر کا گروپ فوٹو

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل کی اساتذہ کرام کے وفد سے ملاقات

تعلیم کی اہمیت اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کے کلیدی کردار کو سراہا

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے اپنے دفتر میں اساتذہ کرام کے وفد سے ملاقات کی اس موقع پر علاقے میں تعلیمی صورتحال، سکولوں میں درپیش مسائل اور معیاری تعلیم کے فروغ کے حوالے سے تفصیل سے تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے تعلیم کی اہمیت اور معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اساتذہ کے کلیدی کردار کو سراہا انہوں نے کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار ہیں اور ان کی خدمات انتہائی قابلِ تحسین ہیں عمار انور گل نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ معیاری تعلیم کے فروغ اور طلبہ کی بہتر اخلاقی و علمی تربیت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

صوبیدار ذوالفقار عباسی کے صاحبزادے کی شادی کی پُروقار تقریب

عسکری، سیاسی و سماجی شخصیات کی بھرپور شرکت، نئے جوڑے کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) صوبیدار ذوالفقار عباسی آف نڑہ چراس کے صاحبزادے کی شادی کی پُروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں عسکری، سیاسی، سماجی اور تعلیمی حلقوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں 102 انجینئر بریگیڈ سے بریگیڈیئر ناظم منیر، کرنل بابر، میجر اقبال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

پولیس افسران کی حوصلہ افزائی، شاندار کارکردگی کا انعام مل گیا

ایس ایس پی آپریشنز نے افسران و جوانوں کو نقد انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی بہترین کارکردگی پر پولیس افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے پولیس افسران و جوانوں کو نقد انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا۔ مزید براں شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور ان کے فوری ازالے کے احکامات جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

6 سال قبل اغواء ہوئی خاتون بازیاب، عدالت میں پیش کر دیا گیا

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پولیس سرکل گوجر خان تھانہ جاتلی کی اعلیٰ کارکردگی، 6 سال سے اغواء خاتون کو بازیاب کرا کر عدالت میں پیش کر دیا، اہل علاقہ کی جانب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اڈیالہ، غیر قانونی فلنگ کرنیوالی دکان میں دھماکہ، 3 افراد زخمی

اڈیالہ (نامہ نگار) پیسے کا لالچ اور چند ٹکوں کی خاطر انسانی جانوں کا ضیاع رک نہ سکا۔ اڈیالہ روڈ ڈھوک کلمہو میں دل دہلا دینے والا سانحہ، گیس سلنڈر دھماکے سے تین افراد شدید زخمی۔ ایک شخص کی حالت انتہائی تشویشناک۔ وزیر اعلیٰ پنجاب اور کمشنر راولپنڈی سے فوری نوٹس لینے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

گوجر خان میں ڈینگی کے 5 مریض کنفرم

ایس او پیز کی خلاف ورزی نرسری چلانے والے شخص کو جرمانہ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) سرکاری اعداد و شمار کے مطابق گوجر خان میں ڈینگی کے 5 مریض کنفرم، ڈینگی کے حوالے سے جاری کردہ ہدایات کی خلاف ورزی پر نرسری چلانے والے شخص کو جرمانہ، ڈینگی سے نمٹنے کیلئے اعلیٰ سطح اجلاس زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سیدہ زینب منعقد ہوا، علاقہ میں ڈینگی کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد، ڈی ایم اے طارق لطیف سے ملاقات کے بعد تاجر رہنماؤں کا ہمراہ گروپ فوٹو

ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے، بشیر راجہ

اڈیالہ (نامہ نگار) زندگی موت کی امانت ہے۔ ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ موت برحق ہے۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ ہم یہاں جو بوئیں گے آخرت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

الٹرا اسپیسڈ مصنوعی ٹرانتباہی لیبلز کا لازمی نفاذ کیا جائے، سردار مسعود

دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز پر لازمی قواعد و ضوابط کی منظوری نفاذ کا عمل تیز کیا جائے، ماہرین

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان ہیلتھ ایسوسی ایشن (پناہ) نے اپنی اتحادی تنظیموں کے تعاون سے الٹرا پراسیسڈ مصنوعات (UPPs) پر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کے لازمی نفاذ کے لیے ملک گیر مہم مزید تیز کر دی ہے۔ اس سلسلے میں ایک اہم پیش رفت کے طور پر پناہ نے پناہ لائرز فورم تشکیل دیا ہے، جس کا مقصد قانونی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

نوجوان ملک کے مستقبل کی تشکیل میں قائدانہ کردار ادا کریں، سردار مسعود

ہمیں طرزِ حکمرانی، صنعتی ترقی اور زراعت کے شعبوں میں فوری اصلاحات کرنا ہوں گی، آئی سی ایم اے تقریب سے خطاب

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوانوں کو اپنی بصیرت افروز قیادت، مؤثر سفارت کاری، داخلی اصلاحات اور عالمی سطح پر تعمیری روابط کے ذریعے ملک کے مستقبل کی تشکیل کی ذمہ داری اٹھانا ہوگی۔ انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اظہر ورک سے رحمہ اسلامک ریلیف کے وفد کی ملاقات

باہمی تعلقات، مشترکہ دلچسپی کے امور اور فلاحی سرگرمیوں بارے گفتگو کی گئی

اسلام آباد (پ ر) اوورسیز پاکستانیز تھائی ایسوسی ایشن (OPA-TH) کے صدر محمد اظہر ورک سے رحمہ اسلامک ریلیف پاکستان کے ایک وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں تنظیم کے چیئرمین صغیر قمر، ریاض بلوچ اور ڈاکٹر عمیر شامل تھے۔ معزز مہمانوں کا استقبال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

پنجاب میں جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد

لاہور (آئی این پی) حکومتِ پنجاب نے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کر دی۔ حکومتِ پنجاب کی جانب سے جاسوسی کیلئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کی گئی ہے جس کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد پولیس افسران کی کھلی کچہریاں، احکامات صادر

سینئر پولیس افسران نے شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات جاری کئے

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ایس ایس پی انوسٹی گیشن، ایس پی انڈسٹریل ایریا زون اور ایس پی صدر زون کی کھلی کچہریاں۔ سینئر پولیس افسران نے شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس انوسٹی گیشن سلیمان ظفر نے جی الیون میں واقع اپنے دفتر میں، ایس پی انڈسٹریل ایریا زون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

عوام کو حکومتی پالیسی سے فائدہ اٹھانا چاہیے، محسن شیخانی،

ایک کروڑ کے قرض پر 5 فیصد والی آفر دنیا بھر میں کہیں نہیں ملے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کنگز گروپ کے شاہکار منصوبے "کنگز گرانڈ" کی شاندار لانچنگ، تعمیراتی صنعت کی معروف شخصیات کی شرکت کراچی میں کنگز گروپ کے عظیم الشان رہائشی منصوبے "کنگز گرانڈ" کی پروقار لانچنگ تقریب منعقد ہوئی جس میں تعمیراتی صنعت کی معروف شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب میں آباد کے سرپرست اعلیٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان سیدہ زینب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور، محمد رفیق میو، کے بھتیجے عامر رشید میو رشتہ ازواج میں منسلک

ولیمہ تقریب میں اہم شخصیات کی شرکت، مہمانوں کی مختلف کھانوں سے تواضع کی گئی

لاہور (پ ر) عبدالرشید میو کے فرزند اور سینئر رہنما میو اتحاد ضلع قصور موضع گگڑ کے محمد رفیق میو، کے بھتیجے عامر رشید میو رشتہ ازواج میں منسلک ہو گئے گزشتہ دنوں ان کی شادی محمد شریف میو کی صاحبزادی سے بھائی پھیرو کے نجی ہال میں ہوئی آج ان کی تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)